NYC Health

ہدایات اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات
فوڈ اسٹیبلشمنٹ کی خلاف ورزی کا تصفیہ کرنا

میرے کیس کا تصفیہ کرنے کا کیا مطلب ہے؟ تصفیہ کر کے، آپ پروانہ طلبی میں مذکور تمام خلاف ورزیوں کا اعتراف کرتے ہیں اور ان خلاف ورزیوں کے لیے تجویز کردہ اقل جرمانہ سے کم جرمانہ ادا کرتے ہیں۔

مجھے کیوں تصفیہ کرنا چاہیے؟ سماعت کی تاریخ سے پہلے تصفیہ کرنے اور پوری تصفیہ کی رقم ادا کرنے پر، آپ کو سماعت کے لیے حاضر نہیں ہونا پڑتا ہے اور افسر سماعت کے اس کیس میں تمام شہادتوں کی سماعت کر لینے کے بعد زیادہ جرمانہ ادا کرنے کے امکان سے آپ بچ جاتے ہیں۔

تصفیہ کے لیے کون اہل ہے؟ تصفیہ کی پیشکشیں فی الحال فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹس میں جاری شدہ پروانہ طلبی کے جواب دہندگان کو کی جا رہی ہیں۔

میں کب تصفیہ کر سکتا ہوں؟ OATH ہیئرنگز ڈویژن ("ٹرائبونل") کو آپ کی تصفیہ کی قبولیت (بذریعہ ڈاک، بذات خود، یا آن لائن)، بشمول پوری تصفیہ کی رقم کی ادائیگی، آپ کی مقررہ سماعت سے قبل موصول ہو جانا ضروری ہے۔ اگر تصفیہ کی قبولیت اور ادائیگی سماعت کی تاریخ سے پہلے موصول نہیں ہوتی ہیں تو، آپ اور آپ کے نمائندے سے سماعت میں حاضر ہونے کا تقاضا کیا جائے گا۔

میری ادائیگی کب واجب ہے؟ پوری تصفیہ کی رقم کی ادائیگی آپ کی تصفیہ کی قبولیت آپ کے جمع کروانے کے وقت واجب ہوتی ہے۔ جب تک آپ تصفیہ کی رقم پوری ادا نہ کر دیں تب تک کیس کو تصفیہ شدہ نہیں مانا جاتا ہے۔

اگر میں تصفیہ کر لیتا ہوں تو، کیا مجھے اب بھی سماعت میں افسر سماعت سے ملنا ہے؟ نہیں۔ جب آپ تصفیہ کر لیتے ہیں اور سماعت کی تاریخ اور وقت سے پہلے پوری تصفیہ کی رقم ادا کر دیتے ہیں تو، آپ پروانہ طلبی میں مذکور خلاف ورزیوں کا اعتراف کرتے ہیں اور آپ کو سماعت میں حاضر ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

کیا میں تصفیہ کے بعد سماعت یا اپیل کی درخواست کر سکتا ہوں؟ نہیں۔ آپ تصفیہ قبول کرنے کے بعد سماعت یا اپیل کی درخواست نہیں کر سکتے۔ تصفیہ کر کے، آپ افسر سماعت کے سامنے سماعت کے اپنے حق اور اپیل کرنے کے اپنے حق سے دستکش ہوتے ہیں۔

میں تصفیہ کی پیشکش کس طرح قبول کر سکتا ہوں؟ آپ پوری تصفیہ کی رقم بذریعہ ڈاک، بذات خود OATH ہیئرنگز ڈویژن میں یا آن لائن یا NYC بزنس ایکسپریس (www.nyc.gov/businessexpress) کے پاس ادا کر کے تصفیہ کی پیشکش قبول کر سکتے ہیں:

1. آن لائن: آپ آن لائن www.nyc.gov/business پر جا کر اور مینو سے Violations (خلاف ورزیاں) منتخب کر کے تصفیہ کی پیشکش کو قبول (اور کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ استعمال کر کے ادائیگی) کر سکتے ہیں۔

2. بذریعہ ڈاک: آپ کی تصفیہ کی قبولیت اور پوری تصفیہ کی رقم کی ادائیگی آپ کی مقررہ سماعت سے قبل ٹرائبونل کو موصول ہو جانا ضروری ہے۔ اپنی تصفیہ کی قبولیت کے فارم کے مکمل کردہ اوپری حصے کی کاپی، پوری تصفیہ کی رقم کے لیے چیک یا منی آرڈر کے ساتھ، جو "NYC Department of Finance" کو واجب الادا ہو، اس پتے پر بھیجیں:

   OATH Hearings Division
   Church Street Station
   P.O. Box 4466
   New York, NY 10261-4466

3. بذات خود: تصفیہ کی قبولیت کے فارم کا اوپری حصہ مکمل کریں۔ اسے اپنی ادائیگی کے ساتھ اپنی مقررہ سماعت سے پہلے OATH Hearings Division میں لائیں، اور ریسپشن ڈیسک کو مطلع کریں کہ آپ تصفیہ کی رقم ادا کرنا چاہتے ہیں۔ آپ بذریعہ چیک، منی آرڈر، یا کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ ادا کر سکتے ہیں۔ آپ کی سماعت کی تاریخ اور OATH کا پتہ آپ کے پروانہ طلبی پر موجود ہے۔